پریس ریلیز

گوجرانوالہ 26 فروری 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کہا کہ گوجرانوالہ بزنس فسلی ٹیشن سنٹر پنجاب کے صرف ان اضلاع میں قائم کئے گئے ہیں جن شہروں کی بزنس کمیونٹی کا ملکی معیشت میں بہترین کردار ہے۔ بزنس کمیونٹی کو مختلف اداروں کے مسائل کا سامنا تھا اس وقت بزنس فسلی ٹیشن سنٹر میں 15 سے زائد جن میں محکمہ محنت اور PESSI کو ملا کر آن لائن واجبات جمع کرانے کی سہولت فراہم کی ہے، این او سیز و دیگر سروسز کیلئے ایس ای سی پی، گیپکو، ایس این جی پی ایل، پی ٹی سی ایل، انڈسٹریز/ رجسٹرار آف فرمز، منسٹری آف کلائمیٹ چینج، ماحولیات، بوائلر انسپکٹرز، محکمہ محنت، لوکل گورنمنٹ (میونسپلٹیز)، سول ڈیفنس، پنجاب لینڈ ریکارڈ، محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، اور بہت سے دوسرے محکمہ جات شامل کر دیئے گئے ہیں جو ایک ہی چھت تلے بزنس کمیونٹی کے مسائل حل کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی کی سربراہی میں منعقدہ میٹنگ میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سابق صدور ملک ظہیر الحق، عمر اشرف مغل، سابق سینئر نائب صدر عرفان سہیل کے علاوہ مختلف اداروں کے سربراہان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر بزنس فسلی ٹیشن سنٹر کی کارکردگی پر تفصیلی جائزہ لیا اور تمام اداروں کو سروسز کے معیار کو بہتر کرنے کی ترغیب دی گئی۔

کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ بزنس کمیونٹی کیلئے اس اس سنٹر کو قائم کیا گیا ہے ضرورت اس امر کی ہے کہ بزنس کمیونٹی اس سنٹر سے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کرے۔ انہوں نے مختلف صنعتی و تجارتی تنظیموں اور ایسوایشنز کے نمائندگان کو کہا کہ وہ مختلف اوقات میں بزنس فیسلی ٹیشن سنٹرز کا وزٹ کیا کریں گے تا کہ بزنس کمیونٹی کو کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور ان کے مسائل ایک ہی وقت میں ایک ہی چھت تلے حل ہوں۔ امید ہے مستقبل میں بزنس فیسلی ٹیشن سنٹر کے قیام سے بزنس کمیونٹی کے مسائل مستقل بنیادوں پر حل ہو جائیں گے۔ بزنس کمیونٹی کا قیمتی وقت بچے گا اور وہ اپنے کاروبار کو زیادہ وقت بھی دے سکیں گے۔